تیرے ہی "لا" نے کیا ہے "الٰہ" کو قائم
تیری "نہیں" سے "ہاں" لا الٰہ الااللہ

میر احمد نویدؔ

ہائے حسینؑ

مولف: غلام عبّاس سوپاری والا

حتمی اشاعت

تیری دنیا سے اے خدائے حسینؑ
کچھ نہیں چاہئے سوائے حسینؑ
جانے کرنا تھا کیا بیاں مجھ کو
رہ گیا کہہ کے صرف ہائے حسینؑ

میر احمد نویدؔ

21شوال،1446ھ

20اپریل،2025ء

انتساب

تمام عزاداروں کے نام، بالخصوص سید آفتاب حسین زیدی (لالو شاہ)، سید ناظم حسین نقوی، جناب معصوم علی راشد اور جناب غلام اصغر خان۔

عرضِ مولف

آپ مجموعۂ نوحہ جات ہائے حسینؑ کی حتمی اشاعت ملاحظہ فرما رہے ہیں۔ "ہائے حسینؑ" کی وجہ تسمیہ جناب میر احمد نویدؔ کا ایک سلام (یا منقبت کہہ لیں) ہے، جس کے چار مصرعے آپ سر ورق پر دیکھ سکتے ہیں۔ نوحوں کی کتابی ترتیب اور ٹائپنگ کا کام پانچ جلدوں پر مشتمل تھا ، لیکن عصرِ حاضر کی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے، میں نے تمام جلدوں کو ایک جلد میں ضم کر دیا ہے۔اب آپ اسے اپنے موبائل فون پر بھی بہ آسانی پڑھ سکتے ہیں۔ اس کتاب میں، میں نے بابا نثارؔ حیدری کے نوحے شامل نہیں کیے کیونکہ میں نے اُن کے نوحے علیحدہ کتابی صورت میں مرتب کیے ہیں۔ اُس کتاب کا عنوان ارمان ہیا ہے۔ اگر کسی صاحب کو چاہیئے ہو تو وہ مجھ سے رابطہ کر لیں۔

والسلام اور یا علیؑ مدد

ہماری دیگر تالیفات

- ہائے حسینؑ۔ اردو نوحے
- غمِ چادرِ زینبؑ۔ ناظم پارٹی، انجمن شباب المومنین، کراچی
- ہائے شبیرؑ۔ ناصر اصغر پارٹی، انجمن شباب المومنین، کراچی
- ارمان رہیا۔ بابا نثارؔ حیدری، لاہور
- پیاسوں کی داستان، شہزادہ اسلم پارٹی، لاہور
- نبیؐ دی اکھیاں دا اختر۔ اختر حسین اخترؔ، لاہور
- "ایک تحریر" سے "ویران گھروں" تک۔ اصغر خان، سیالکوٹ کے بنائے ہوئے سوز
- ویراں دیا تانگاں۔ بیمارِ مدینہ کے چند نوحے
- صدائے غم۔ ضمیر الحسن تنویرؔ (ہم نے صرف ایک فہرست بمطابق حروفِ تہجی مرتب کی ہے)

Contact: WhatsApp: +923002617896
email: gabbas2958@gmail.com

بنیادی فہرست

فہرستِ نوحہ جات بمطابق حروفِ تہجی

آ

ا

ب

پ ت ٹ ث

ج چ ح خ

د ڈ ذ

ر ڑ ز ژ

س ش

ص ض ط ظ ع غ

ف ق ک گ

ل

م

ن و

ہ ھ ء ی ے

ذبحِ عظیم

دلیلِ بعیت فاسق روا رکھی گئی تھی	مدینے میں بناء کربلا رکھی گئی تھی
حسینؑ آغوشِ پیغمبرؐ میں جب لائے گئے تھے	وہیں بنیادِ تہذیبِ عزا رکھی گئی تھی
حضورِؐ سرورِ کونین جب محضر ہوا پیش	زمینِ کربلا سب سے جدا رکھی گئی تھی
منیٰ کا خواب پورا ہورہا تھا کربلا میں	یہ قربانی اسی دن پر اٹھا رکھی گئی تھی
بہت مشکل مراحل آپڑے تھے راستے میں	سو زادِ راہ میں خاکِ شفاء رکھی گئی تھی

از قلم جناب افتخار حسین عارف

فہرستِ ابواب

فہرستِ نوحہ جات بمطابق ابواب

باب نمبر2: قتل قبلہ ہوا 148

باب نمبر 3: پیکاں برس رہے ہیں 196

باب نمبر 4: چلی یثرب سے آلِ مصطفیٰؐ 212

باب نمبر 5: سفیرِ حسینؑ 360

باب نمبر 6: ہلالِ محرم 376

باب نمبر 7: دشتِ بلا 391

باب نمبر 8: عاشورہ

باب نمبر 9: شبیہِ پیمبرؐ 457

باب نمبر 10: مہندی 483

باب نمبر 11: سقائے سکینہؑ 501

باب نمبر 12: جھولا 533

باب نمبر 13: یثرب کا مسافر سو گیا.................. 570

باب نمبر14:بعدِ قتلِ شاہؑ 676

باب نمبر 15: کنیزِ زہراؑ ۔ پیکرِ وفا 815

باب نمبر 16: بیمارِ کربلا 831

باب نمبر 17: قتیلِ زندانِ شام 917

باب نمبر18: شریکتہ الحسینؑ 977

باب نمبر19: اہلِ حرمؑ کی وطن واپسی 1078

##

حیاتِ نو

شبیرؑ کو سر دے کر اسلام بچانا ہے	کونین ہیں قدموں میں ریتی پہ ٹھکانا ہے
کوثر کے یہ مالک ہیں پانی کی طلب کیسی	سوئی ہوئی ملت کی غیرت کو جگانا ہے
یہ کس نے جھکایا ہے سر طاعتِ خالق میں	کیا سر ہے کہ سجدے سے قاتل کو اُٹھانا ہے
احمدؐ کا نواسا ہے معراج بھی پائے گا	نیزے کی بلندی سے قرآن سنانا ہے
اسلام کو دیتا ہے ہر سال حیاتِ نو	کیا تو نے کہا غافل یہ ذکر پرانا ہے
ہے نجمؔ کی ہستی کیا اے کرب و بلا والے	کس نے تجھے سمجھا ہے کس نے تجھے جانا ہے

انتخابِ کلام، علامہ نجم آفندی

بندگی جبرئیل جس در کی رہے کرتے نثارؔ
در وہی توڑا گیا اور گھر وہی لوٹا گیا

باب نمبر 1: ہائے بعدِ مصطفےٰ ؐ

قرآن کے جلانے کی ہے ایجاد سقیفہ زہراؑ کے رلانے کی روداد سقیفہ
ہر نخلِ فدک دیتا ہے اخترؔ یہ گواہی شبیرؑ ترے قتل کی بنیاد سقیفہ
اخترؔ چنیوٹی

دعا۔ فاطمہؑ معصومہؑ مخدومہؑ سیدہؑ

ہم عزاداروں کی بی بیؑ سن لے تو یہ دعا
بی بیؑ تجھ کو تیرے بچوں کا واسطہ

تو محمدؐ کی بیٹی زوجہِ مرتضیٰؑ
زندگی تیرے در سے ملتی ہے سیدہؑ
جو بھی ہے بیمار اُن کو بی بیؑ دے تو شفا
بی بیؑ تجھ کو تیرے بچوں کا واسطہ

تیرے دونوں جہاں یہ سب تیرے خزانے
تجھ کو بخشے خدا نے اے بی بیؑ زمانے
جو بھی ہے مفلس اے بی بیؑ اُن کو زر کر عطا
بی بیؑ تجھ کو تیرے بچوں کا واسطہ

دعا۔۔۔۔

خلد کی وارثہ تو بی بیؑ یہ شان ہے
بی بیؑ سب سے بڑا یہ بس تیرا دان ہے
جن کی خالی گودی اُن کو کر تو اولاد عطا
بی بیؑ تجھ کو تیرے بچوں کا واسطہ

ہم پہ ظلموں کی بی بیؑ ہو گئی ہے انتہا
جو حسینیؑ ہے اُس کی آخر ہے کیا خطا
وقت مشکل ہے یہ بی بیؑ مولا مہدیؑ بلا
بی بیؑ تجھ کو تیرے بچوں کا واسطہ

سب عزادار مانگیں تجھ سے یہ دعائیں
اَشک آنکھوں میں جوہرؔ دیتے ہیں صدائیں
غم نہ دے کوئی مگر کر شاہؑ کا غم عطا
بی بیؑ تجھ کو تیرے بچوں کا واسطہ

نوحہ خواں سنگت: ناصر اصغر پارٹی، انجمن شباب المومنین

میں مہدیؑ پتر دی آس اچ آں

آندے وین بتولؑ دے اج تائیں آرام قبر وچ آیا نئیں
میں پتر حسینؑ مسافر دا زخمی چولا دفنایا نئیں

میںڈی قبر تے آ کے کربل دی بس شامِ غریباں کھڑ گئی اے
شبیرؑ دے ٹرن دے بعد کہیں ایتھے آن چراغ جلایا نئیں

میںڈا محسنؑ توں آغاز تھیاں میکوں روز جنازے ملدے ہن
ودھ اناللہ پڑھ دی ہاں میں پاسے توں ہتھ چایا نئیں

میںڈا کاظمؑ بچڑا ہن تائیں اویں قبر دے وچ وی قیدی ھے
اوں چودہ سال دے قیدی دا میں کوئی زنجیر لہایا نئیں

سجادؑ دی کنڈ تے شامیاں نے ہر ظلم دی سطر لکھی ہوئی اے
میں کہہ منصف کوں ہن تائیں سجادؑ دا جگر وکھایا نئیں

میںڈا مہدیؑ بچڑا پچھ گھن سی کیویں واپس میت وہ لیندے ہن
میں ہن تائیں حسنؑ دے کفن اوتوں کوئی سرخ نشان مٹایا نئیں

گوہرؔ زہراؑ فریاد کرے بکھرا قرآن ہے اے قبر میری
میںڈے اپنے بابےؑ دی پگ دا کہہ آن غلاف پوایا نئیں

شاعر: غلام محسن

نوحہ خواں سنگت: انجمن اسیرِ بغداد (ملتان پارٹی)

جگ رون نئ دیندا اے بابا

جگ رون نئیں دیندا اے بابا تیرے بعد اے کی دن آئے نے تیرے کلمہ گو اگاں لے کے میرے گھر نوں جلاون آئے نے
تیرے جیوندے جی منہ رکھدے سن ہائے بعد وچ اکھیاں پھیر لئیاں اج کلِ ایمان نوں کجھ لوکی ہائے قیدی بناون آئے نے
سکھ چین حرام کیتا ساڈا زہراؑ دے رات دنے رونے اینوں شہر و باہر بھیج دئیو لوکاں نے حکم سنائے نے
تربت تے پاک محمدؐ دی پئیں روندی اے ماں حسنینؑ دی اے بابا کی پچھنا اے ایناں زخماں دی پہلو دے زخم سوائے نے
تیرے مرن دے ویلے کر دے رئے ہائے سازش وچ سقیفے دے ہن دنیا دا منہ رکھن لئی ایناں وکھڑے پور بچھائے نے
زینبؑ دی ماں منظوری کر غازیؑ دے صدقے نوحے دی تیرے حق دے ماریاں جاون لئی نجفیؔ دے اتھرو آئے نے

شاعر: افضل حسین نجفیؔ

اے شاہِ انبیاء یہ مسلماں نے کیا کیا

اے شاہِ انبیاء یہ مسلماں نے کیا کیا منبر پہ فاطمہؑ کا مجرم بیٹھا دیا	
اُتری ہے جن کی شان میں آیات بار بار جن کی رضا کو رد نہ کرے ربِ کردگار حق مانگنے گئی وہ تو خالی لوٹا دیا	شاعر: توقیر کمالوی
جس در پہ آپؐ رُکتے تھے لینے اجازتیں آتے فرشتے عرش سے کرنے زیارتیں اُس بے حیا نے آگ سے وہ گھر جلا دیا	
جس شخص نے دی آپؐ کو ہضیان کی سوغات جس سے ملا نہ آپؐ کو کاغذ قلم دوات دربار میں بتولؑ کو اُس نے رولا دیا	سوز: وحید الحسن کمالوی
ہنسنے لگا لعین جو رونے لگی بتولؑ غاصب نے سیدہؑ کی گواہی نہ کی قبول خود سچا بن کے بی بیؑ کو جھوٹا بنا دیا	

فرمانِ رسالت کو بھلاتے ہو مسلماں

فرمانِ رسالت کو بھلاتے ہو مسلماں کیوں فاطمہ زہراؑ کو ستاتے ہو مسلماں
معصومہؑ ہے مخدومہ حسنینؑ کی مادر ہے تفسیر ہے کوثر کی یہ بنتِ پیعمبرؐ ہے کیوں پہلو پہ دروازہ گراتے ہو مسلماں
تم جانتے ہو لوگو اِس بی بیؑ کی عظمت کو لوٹایا ہے کیوں خالی خاتونِ قیامت کو کیوں آگ اُس کے گھر کو لگاتے ہو مسلماں
باباؐ کے مدینے میں ہائے رات جو آتی ہے رونے کے لئے باہر وہ شہر سے جاتی ہے کیوں رونے پہ پابندی لگاتے ہو مسلماں
دربار میں مخدومہ حق مانگنے آئی ہے معصوم گواہوں کو ہمراہ وہ لائی ہے دِل کس لئے زہراؑ کا دُکھاتے ہو مسلماں

فرمانِ رسالت کو بھلاتے ہو

شاعر: توقیر کمالوی

سوز: وحید الحسن کمالوی

جس شخص نے احمدؐ کو ہذیان سنایا تھا
جس شخص نے کوڑے سے زہراؑ کو رُلایا تھا
کیوں ناز اُس شقی کے اُٹھاتے ہو مسلماں

تم نے تو ثقیفہ میں اجلاس بٹھائے تھے
احمدؐ کے جنازے پہ تم لوگ نہ آئے تھے
حق کیسے خلافت پر جتاتے ہو مسلماں

کیا احمدِؐ مُرسل سے یہ پیار کیا تم نے؟
زہراؑ ہی کے روضے کو مسمار کیا تم نے
تم کیسی محبت یہ دکھاتے ہو مسلماں

حیدرؑ کے گلے میں بھی ڈالا ہے رسن تم نے
شبیرؑ کو مارا ہے مارا ہے حسنؑ تم نے
اَب عابدِ مضطر کو رلاتے ہو مسلماں

زہراؑ کا یہ وعدہ ہے توقیرؔ وہ پائے گا
میرے گھر کے اُجڑنے کا جو سوگ منائے گا
پھر کس لئے تم فتوے لگاتے ہو مسلماں

زہراؑ دا پاک باباؐ سن دھی دیاں دہائیاں

زہراؑ دا پاک باباؐ سن دھی دیاں دہائیاں رووݨ تے فاسقاں نے پابندیاں نے لائیاں
ایہہ لوگ تیرا پرسہ میںنوں نئیں دین آئے بیٹھے رہے ثقیفے منبر تے دید لائے تِن دن دے بعد آ کے ایناں پھوڑیاں وچھائیاں
میںنوں ظالماں نے باباؐ دربار وچ بلایا ٹکڑے سند دے کر کے اے فیصلہ سنڑایا سانوں قبول نئی او اے تیریاں گواہیاں
اک واری ویکھ اٹھ کے کی فاطمہؑ دا حال اے تیری لاڈلی دے ہو گئے باباؐ سفید وال اے حق لین لئی گئی ساں ہو کے ضعیف آئیاں
اگ لا کے میرے گھر نوں ایناں نے ساڑیا اے گودی میری چہ میرا محسنؑ وی ماریا اے گردن چہ مرتضےؑ دی رسیاں وی ایناں پائیاں

زہراؑ دا پاک بابا۔۔۔۔

جینے تینوں پاک باباؑ ہذیان سی سنایا اوہنے تیری لاڈلی دے پاسے تے در گرایا
پاسے دا زخم تینوں اج میں وکھان آئیاں میں جان گئی آں باباؐ رل جانی تیری آل اے وچ کربلا دے ہوسی میرا پتر پامال اے رسیاں ہتھاں چہ پا کے ٹرسن بتولؑ جائیاں
اے ماتمی دعا کر قائم امامؑ آوے زہراؑ دے دشمناں نوں وچ ہاویہ پچاوے جناں نے زہراؑ جائیاں بچپن دے وچ رلائیاں
توقیرؔ سیدہؑ دا جنے سوگ ہے منایا محشر چہ اونوں مِل سی آلِؑ نبیؐ دا سایا قرآن دے رہیاں ایس گل دیاں گواہیاں

شاعر: توقیرؔ کمالوی

سوز: وحید الحسن کمالوی

روتی ہوئی دربار سے لوٹ آئی فاطمہؑ

کلام	
روتی ہوئی دربار سے لوٹ آئی فاطمہؑ نہ جانے کیا وہاں سے دیکھ آئی فاطمہؑ	شاعر: توقیرؔ مالوی
زینبؑ سے کہہ رہی ہے تیری ردا کی خیر منظر بازارِ شام کا دیکھ آئی فاطمہؑ	
اس بات کا نہیں غم جاگیر چھین لی رونا تو یہ ہے تم نے جھٹلائی فاطمہؑ	
محسن کو بھول جانا انسانیت نہیں پہچانو محمدؐ کی ہے جائی فاطمہؑ	
خود ہی بتا مسلماں تیرے ستم کے بعد دنیا میں کتنے دن ہے جی پائی فاطمہؑ	سوز: وحید الحسن مالوی
رو رو کے کہہ رہی ہے قبرِ رسولؐ پر تیرے بعد دوسرے نے ہے ستائی فاطمہؑ	
توقیرؔ کیا لکھوں میں کیسے بیاں کروں امت نے کیسے کیسے ہے رولائی فاطمہؑ	

رونے والوں شہر مدینے میں ایک ایسا بھی وقت آیا ہے

رونے والوں شہر مدینے میں ایک ایسا بھی وقت آیا ہے
کلمہ گویوں نے کلمہ والوں کو بھرے دربار میں رلایا ہے

ہے مقدمہ رسول زادیؑ کا بھرے دربار میں وہ آئی ہے
جن پر اللہ بھی درود پڑھے ایسے فرزند ساتھ لائی ہے
غاصبانِ فدک نے پھر کیسے اُن گواہوں کا دل دکھایا ہے

مسندِ مصطفیٰؐ پہ غاصب ہے سامنے مصطفیٰؐ کی بیٹی ہے
میرا حق دے دوا ے مسلمانوں رو کے خیر النساءؑ یہ کہتی ہے
میرے بابا کے بعد کیوں تم نے فاطمہؑ پہ یہ ظلم ڈھایا ہے

قبرِ احمدؐ پہ جا کے کہنے لگیں فاطمہؑ کو نحیف کر ڈالا
دیکھ بابا تمہاری امت نے کتنا مجھ کو ضعیف کر ڈالا
میرا محسنؑ شہید کر ڈالا میرے پہلو پہ در گرایا ہے

رونے والوں شہر مدینے۔۔۔۔

فاطمہ سیدہؑ کو بابا کی گروراثت پہ اختیار نہیں
پھر وہ عورت نبیؐ کے حجرے کی اے مسلمانوں ورثہ دار نہیں
جس نے مولا حسنؑ کی میت پہ تیر ہاتھوں سے خود چلایا ہے

بولا بے ظرف اے نبیؐ زادیؑ تیرے حق کو میں جانتا ہی نہیں
جو لکھی تھی تمہارے بابا نے میں وہ تحریر مانتا ہی نہیں
چاک کر دی سند محمدؐ کی قہقہہ زور سے لگایا ہے

غمِ آلِ عباء میں رہتا ہے ذکرِ شبیرؑ عام کرتا ہے
ماتمی کو توقیرؔ نوحوں میں اِس لیے بھی سلام کرتا ہے
جس نے بی بی بتولؑ کے غم میں دل کو بیت ُالحزن بنایا ہے

شاعر: توقیرؔ کمالوی

سوز: وحید الحسن کمالوی

بھرے دربار میں روتی رہی کھڑی زہراؑ

بھرے دربار میں روتی رہی کھڑی زہراؑ نہ جانے کس طرح حق مانگتی رہی زہراؑ	شاعر: توقیرؔ مالوی
سند کے ٹکڑے ہوا میں اڑا کر ہنسنے لگا رسولؐ زادی سے گستاخ ایسے کہنے لگا بتاوہ کون سی جاگیر ہے تیری زہراؑ	
حسنؑ، حسینؑ سے سچے گواہ بھی جھٹلائے رُلا کے بی بیؑ کو ظالم ذرا نہ شرمائے بھلا نہ پائے گی امت کی بے رخی زہراؑ	
یہ اس کی بیٹی ہے جس نے دو لخت چاند کیا وہ جس کے نور نے ہر روشنی کو ماند کیا اُسے ستاؤ نہ دکھیاری ہے بڑی زہراؑ	
سیاہ بال جو ماں کے سفید تر دیکھے توقیرؔ کیسے کہوں بیٹیوں نے سر پیٹے گئی تھی اس طرح گھر آئے تھکی تھکی زہراؑ	

زہراؑ تے کلمہ گو نے دروازہ اینج گرایا

زہراؑ تے کلمہ گو نے دروازہ اینج گرایا
اج تک حسنؑ دی ماں نے پاسے چوں ہتھ نئیں چایا

بابے نبیؐ نوں آکھے تقصیر کی اے میری
غاصب نے آکھیاں اے وارث نئیں میں تیری
مسئلے نوں بھل گئیاں الزام اے ہے لایا

ہن تیرا غم وی بابا زہراؑ منا نئیں سکدی
اپنے ہی گھر چہ بے کے اتھرو وہا نئیں سکدی
حیدرؑ نے شہر وباہر بیت الحزن بنایا

بابا میں دیندی رہیاں تیرے نام دی دوہائی
فی القربا والی آیت کئی وار میں سنائی
فیر وی روا کے مینوں دربار چوں بلایا

میں جان گئیاں بابا کیتا بتولؑ وین اے
امت نے مار دینے میرے حسنؑ حسینؑ اے
دربار جا کے ایہو مینوں نظر اے آیا

شاعر: نوید تیغ ملالوی

سوز: نوحیدر الحسن ملالوی

دِیا نہیں جلتا ہے

دِیا نہیں جلتا ہے ان پانچ تُربتوں پر
نوحہ برس رہا ہے ان پانچ تُربتوں پر

جو بھی وہاں گیا ہے اُس نے یہی کہا ہے
غربت کی انتہا ہے ان پانچ تُربتوں پر

پہچان اے مسلماں ان تربتوں کی عظمت
نیرِ فلک جھکا ہے ان پانچ تُربتوں پر

کم فاصلے پہ روضہ ہے مصطفےٰؐ کا روشن
اندھیرا چھا رہا ہے ان پانچ تُربتوں پر

سب تُربتوں پہ پیہم فی القربا رو رہی ہے
ماتم پہ ھل اتیٰ ہے ان پانچ تُربتوں پر

اپنی ہی خاک سے وہ سب تُربتیں ڈھکی ہیں
سایہ ہے نہ ردا ہے ان پانچ تُربتوں پر

توقیرؔ تیری عزت کچھ اور بڑھ گئی ہے
یہ نوحہ جو کہا ہے ان پانچ تُربتوں پر

شاعر: توقیرؔ کمالوی

سوز: واجد علی

ہائے بابا تیری امت نے میرے رون تے

ہائے بابا تیری امت نے میرے رون تے پہرے لائے
میں دسنی آں تیرے باجوں تیری زہراؑ نے جو ظلم اٹھائے

منبر دے سامنے تیری سند دے پرزے
چُن دی رئی نالے سن دی رئی گلاں تیری تحریر دے بارے
میں روندی رئی اوہنسدے رئے جناں لوکاں نوں توں کلمے پڑھائے

حق لین گئی ساں ظالم دیاں جھڑکاں
جھل دی رئی ہتھ مل دی رئی رو کے کھڑی دربار وچالے
میں اجڑی نوں نا حق ملایا کوئی میں وانگوں دربار نہ جائے

تیری دھی دے نال جو ایناں کلمہ گواں نے
کیتی اے ہتھ پاسے تے رکھ کے سینؑ ہن تیک وی رووے
کسے سوچیاں نہ اے زہراؑ اے ایس اجڑی تے کیوں طاق گرائے

ہائے بابا تیری امت نے۔۔۔۔

حسنینؑ کوں سڈیا جدوں آخری ویلے زہراؑ نے

دو ویں روندے ہوئے بے گئے آ کے امڑی دے سرہانے

روح جسم وچوں پرواز کیتی ہائے پتر جدوں گل نال سی لائے

شبیرؑ نوں کیتا زینبؑ دے حوالے

امڑی نے کر کے پیار اخیری ایکوں گل نال چا لایا

نالے کیندی رئی سنگ چھوڑی نہ میرے بچھڑے تے کوئی وقت وی آئے

حسنینؑ دی امڑی تے جو لکھیا اے نوحہ

اخترؔ نے واسطہ عون دی ماں دا بنڑے بخشش دا وسیلہ

ہر مومن لئی تیرا ناں لے کے تابوت اتے جنے اتھرو وگائے

شاعر و سوز: اختر حسین اخترؔ، راوی روڈ، لاہور

اللہ جانے سین زہراؑ کیویں دربار گئی

اللہ جانے سین زہرا کیویں دربار گئی
حق منگدی رہی رورو کے ستم گاراں توں
اکو دربار دی پیشی، اینوں تھاں مار گئی

خوب بدلہ اینوں ملیا پیوٗں دے احساناں دا
پاک زھرہؑ کی گوایا سی مسلماناں دا
ہائے امت ایدا وسدا ہویا گھر ساڑھ گئی

جیدے دروازے تے جبریل امیں جھکدا سی
جیہندی تعظیم لئی ختمِ رسل اُٹھدا ادا سی
روندی میراثِ ابیہا دی اے حقدار گئی

روکیا رون توں کونین دی شہزادی نوں
کون سی اے جینے پھٹ لایا نبی زادی نوں
لے کے پہلو دے زخم بابے دی غمخوار گئی

اللہ جانے سین۔۔۔۔۔

اے آں زھرہؑ دی وصیت نہ بھلاوی زینبؑ
ساتھ شبیرؑ دا مر کے وی نبھاوی زینبؑ
ایسے لئی عونؑ دی ماں شام دے بازار گئی

پاک زھرہؑ تیرے پرسے دے عزادار آئے
روندی پٹڈے تیری زینبؑ دے وفادار آئے
شام نوں بن کے جو ویرن دی عزادار گئی

مریم و آسیہ حوا دے حیا دی وارث
سامنے لوکاں دے روندی سی کساء دی وارث
جہڑی بی بی کدی اخترؔ نہ گھروں بار گئی

شاعر وسوز: اختر حسین اخترؔ، راوی روڈ، لاہور

پردہ دارِ انبیاء روتی رہی

پردہ دارِ انبیاء روتی رہی
فاطمہؑ زہرہ سدا روتی رہی

اس طرح یعقوب بھی روئے نہ تھے
جس طرح یہ بے نوا روتی رہی

ہاں مسلمانوں کی آبادی سے دور
دخترِ خیرالوراؐ روتی رہی

لاش حرؑ پر لاشِ ابن قینؑ پر
صاحبِ شرم و حیا روتی رہی

روئی پردے میں سدا بنتِ نبی
بنتِ حیدرؑ بے ردا روتی رہی

سوچ میں اخترؔ ہے قرطاس و قلم
کیوں شہیدِ حسبُنا روتی رہی

سوز: ضمیر جعفری　　　　شاعر: اخترؔ چنیوٹی

جب کر چکے جہاں سے سفر آخری رسولؐ

جب کر چکے جہاں سے سفر آخری رسولؐ
بدلی ہوا کہ دین کے بدلے گئے اصول

کچھ لوگ گھر نبیؐ کا جلانے تو آ گئے
پوچھا مگر کسی نے نہ حالِ دلِ بتولؑ

سمجھے نہ بات سروِ چمن کی کبھی ببول
ناجنس کر سکے نہ نبیؐ کا اثر قبول

دربارِ میرِ شام میں بنتِ علیؑ نہ تھی
بالوں سے منہ کو ڈھانپ کے روتی رہی بتولؑ

اسلام کا کسی طرح پردہ بچا رہے
زینبؑ کی قید عابدِؑ بیمار کو قبول

جب کر چکے جہاں۔۔۔۔۔

اللہ کی کتاب کو کافی سمجھ لیا
فرمانِ مصطفیٰؐ کو گئے لوگ جلد بھول

دو نظریوں کے نام ہیں شبیرؑ اور یزید
کرب و بلا کی جنگ میں لڑتے رہے اصول

اخترؔ کچھ اور مانگ لے سوداگری نہ کر
صلائے غمِ حسینؑ میں جنت نہ کر قبول

شاعر: اخترؔ چنیوٹی

سوز: عامر ملک و عابد ملک

ایک تحریر اُٹھائے

ایک تحریر اُٹھائے بولی دربار میں آکر زہراؑ لوگو میں بنتِ نبیؐ ہوں
ایسا بدلا ہے مدینہ اپنا حق مانگ رہی ہوں غاصب سے
کلمہ گو کُرسی نشیں ہے اور میں کب سے کھڑی ہوں

پوچھا حیدرؑ نے بتا کیا کیا مسجد میں ہوا رو کے بس اتنا کہا
کبھی دیواروں کو تھاما کبھی میں خاک پہ بیٹھی ہوں تھک کر
کبھی بیٹوں نے سنبھالا کبھی رستے میں گری ہوں

جتنے دُکھ میں نے سہے گر یہ دن پر بھی پڑیں وہ سیاہ رات بنے
یہ ہی دُکھ کم تو نہیں ہے کس قدر تنہا مدینے میں ہوئی ہوں
کوئی سنتا ہی نہیں ہے کہ میں کیا بول رہی ہوں

وہ تو کمسن ہے ابھی دور ہے شام سے بھی سہ نہ پائے گی کبھی
مجھ سے زینبؑ نے یہ پوچھا کہاں جاتی ہو بتاؤ اے اماں
میں نے زینبؑ سے چھُپایا کہ میں دربار چلی ہوں

ایک تحریر۔۔۔۔۔

ایسے خاموش ہو کیوں کہنا چاہو جو کہو اماں کچھ تو بولو
رو کے بولی بیٹوں سے ساتھ بہنوں کا نبھانا کربل میں
ننگے سر کیسے چلیں گی بس یہ ہی سوچ رہی ہوں

تُربتِ بنتِ نبیؐ دیکھے اکبرؔ جو کبھی مجھ کو لگتا ہے یہی
اُس کا مہدیؑ کہتا ہے منتقم بن کے مدینے زہراؑ کا
جلد آؤں گا میں لوگو دورِ حاضر کا علیؑ ہوں

شاعر: حسنین اکبرؔ
سوز: اصغر خان

قرآن کے جلانے کی ہے ایجاد سقیفہ
زہراؑ کے رلانے کی روداد سقیفہ
ہر نخلِ فدک دیتا ہے اخترؔ یہ گواہی
شبیرؑ ترے قتل کی بنیاد سقیفہ

اخترؔ چنیوٹی

نانا تیرے حسنینؑ ہیں ہم غمِ مادر

نانا تیرے حسنینؑ ہیں ہم غمِ مادر سنانے آئے ہیں تیری تربت پہ لاڈلے تیرے چند ٹکڑے سند کے لائے ہیں
اِنَّمَا روز جس پہ پڑھتے تھے اب وہ دروازہ جل گیا نانا تیرے در پر دیا جلانے ہم اُسی در کو بُجھا کے آئے ہیں
داغ دُرّوں کے کیسے دکھلاتی باپ ہو تم سے بیٹی کیا کہتی جس کساء کے تلے تھے ہم سارے نیل اسکے تلے چھپائے ہیں
دل پہ آئی تھی موت کی ضربت سر کے بالوں پہ آگئی غربت جب یہ کہتے تھے لوگ زہراؑ نے دین کے مسئلے بھلائے ہیں
مشکلوں سے قدم اُٹھاتی ہے دو قدم چل کے بیٹھ جاتی ہے بن سہارے وہ چل نہیں سکتی زخم ایسے جگر پہ کھائے ہیں
بولے اکبرؔ یہ رو کے شہزادے صرف تحریر ہی نہیں تھی وہ **بَضْعَةٌ مِنِّي** کے وہ ٹکڑے تھے جو ہوا میں گئے اڑائے ہیں

شاعر: حسنین اکبرؔ

سوز: اصغر خان

سلمان بھرے دربار دے وچ

سلمان بھرے دربار دے وچ آیت تطہیر سنڑیندا ھا
زہراؑ دی شان ڈسیندا ھا
جد قدم بتولؑ دے آندے ہن اُو خاک دے بوسے دیندا ھا
ول رورو نقش مٹیندا ھا

زہراؑ دا قدر شناس جو ھئی ایکوں عصمت دا احساس جو ھئی
تہوں سین دی سند دے ٹکڑیاں کوں قرآن سمجھ سنبھ لیندا ھا
اکھیاں کوں رحل بنڑیندا ھا

سلمان کوں جا محسوس تھیا ہُن دیر نہ جی سکدی زہراؑ
منہ کرکے قبر پیمبرؐ جو تطہیر دے پرسے دیندا ھا
عصمت دا سوگ منیندا ھا

سلمان بھرے دربار۔۔۔۔

جیڈا واپس آئے دربار وچوں گل لا زہراؑ دے پتراں کوں
ھک کوں مسموم سڈیندا ھا بیہہ کوں مظلوم سڈیندا ھا
محسنؑ کیتے پر چیندا ھا

کوئی جھڑک جے تخت توں آندی ھئی چادر زہراؑ لرزاندی ھئی
سلمان بتولؑ کیتوں پہلے پس خاک اتے بہویندا ھا
دو وے ہتھ انکھیاں تے دیندا ھا

گوہرؔ ادھ رات دا ویلا ھا ویڑے توں میت بتولؑ ٹرا
فضہ، حسنینؑ، علیؑ وانگوں سلمان وی فرض نبھیندا ھا
ودھ میت کوں نال چویندا ھا

شاعر: گوہر حسین, نوحہ خواں سنگت: ملتان پارٹی، انجمن اسیر بغداد، 1999

ہائے بعدِ رسولؐ امت نے

ہائے بعدِ رسولؐ امت نے فاطمہؑ کو بہت ستایا ہے
اس کے گھر کو جلانے آئے ہیں جس کے گھر میں قرآن آیا ہے

بھرے دربار میں مسلماں نے دونوں جھٹلا دیئے ہیں لعل اس کے
جانے کیسا سلوک کر ڈالا پل میں ہو گئے سفید بال اس کے
گر کے بے ہوش ہو گئی زہراؑ حال زینبؑ کو جب سنایا ہے

بولی فضّہ اسے رلاؤ نہ جھڑکیاں دو نہ کچھ تو شرم کرو
دیکھ جس کو نبیؐ کھڑے رہتے اس کو دربار میں کھڑا نہ کرو
روئی جب لاڈلی محمدؐ کی سارا دربار مسکرایا ہے

جو اجر سیدہؑ نے پایا کیسے کوئی لگائے اندازہ
جب مسلمانوں نے کیا حملہ یوں لگا فاطمہؑ کو دروازہ
زخمی پہلو سے پاک بی بیؑ نے مر کے بھی نہ ہاتھ اُٹھا یا ہے

ہائے بعدِ رسولؐ۔۔۔۔

ہاتھ اماں تیرے جنازے کو میں نہ اس وقت تک لگاؤں گا
نہ بلائے گی جب تلک مجھ کو بولے شبیرؑ میں نہ آؤں گا
گھر میں کہرام ہو گیا برپا شاہؑ کو بی بیؑ نے جب بلایا ہے

تیری ہمت کا نام ہے زینبؑ اور شبیرؑ ہے صبر تیرا
تیرے آنسو سجادؑ کے آنسو اور سکینہؑ میں ہے اثر تیرا
تیرے بچوں نے بی بیؑ تیری طرح ظلم سہہ کر یہ دیں بچایا ہے

نہ حسنؔ ڈر ہے کوئی محشر کا اور نہ خوف ہے جہنم کا
ہم عزادارں کو تو پس بی بیؑ آسرا ہے بہت تیرے غم کا
قسم غازیؑ کی خوش نصیب ہے وہ جس کے دل میں یہ غم سمایا ہے

شاعر: حسنؔ رضا
سوز: اکبر عباس

احمدؑ کے آج گھر میں کہرام

احمدؑ کے آج گھر میں کہرام اک بپا ہے
ناحق جو قتلِ زہرہؑ امت نے کر دیا ہے

راتوں کو اٹھ کے پانی شبیرؑ کو پلانا
زینبؑ میرے حسنؑ کے تم دو کفن بنانا
زہرہؑ نے وقتِ رخصت بیٹی سے یہ کہا ہے

حق مانگنے جو زہرہؑ دربار میں ہے آئی
حاکم نے یہ نہ سوچا یہ ہے رسولؐ جائی
کہا مسئلہِ وراثت گئی بھول فاطمہؑ ہے

شبیرؑ نے کہا جو اماں مجھے بلاؤ
آئی صدا قبر سے میرے حسینؑ آؤ
دونوں لپٹ کے روئے یاد آئی کربلا ہے

احمدؐ کے آج گھر۔۔۔۔۔

آیہ مباہلہ سے واقف اگر وہ ہوتے
جھٹلاتے نہ کبھی وہ زہرہؑ کے دونوں بیٹے
قرآن نہ سمجھ میں امت کے آ سکا ہے

بنتِ رسولؐ کو ہے بے جرم ہی ستاتے
امت نے فاطمہؑ کو دربار میں بلا کے
یثرب میں شام والا منظر دکھا دیا ہے

شاعر: حسن رضا، لاہور
سوز: استاد اکبر عبّاس

اے روحِ پیمبرؐ، تری اُمت ہے پریشاں
شاید تری بیٹی تری اُمت سے خفا ہے
سید محسن نقوی شہید

گر فضیلت رسول زادیؑ کی ذہنِ انسان میں سما جاتی

گر فضیلت رسول زادیؑ کی ذہنِ انسان میں سما جاتی
نہ ہی بی بیؑ کا حق غضب ہوتا اور نہ دربار فاطمہؑ جاتی

حال کیسے بیاں کروں لوگو جس گھڑی در بتولؑ کا ہے جلا
گھر کا دروازہ پاک بی بیؑ کے ہائے پہلو میں آن کر ہے لگا
بولی فضہؑ کہ یا علیؑ آؤ آج دنیا سے فاطمہؑ جاتی

آلِ احمدؐ خدا کی حجت ہے فاطمہؑ آل پر بھی حجت ہے
جس کو کہتے ہو مسئلہ بھولی دراصل وہ حجابِ قدرت ہے
زخمی پہلو کو لے کے دنیا سے آج تفسیرِ اِنَّما جاتی

جس نے سب بیٹیوں کی عزت کی اُس کی بیٹی رلائی ہے تم نے
جس کی تعظیم انبیاء کرتے وہ ہی زہراؑ ستائی ہے تم نے
خالی دربار سے تو جاتی ہوں پر نہیں کر کے بد دعا جاتی

ہاں حسنؔ گر سقیفہ نہ ہوتا قتل زہراؑ کا نہ کبھی ہوتا
ضرب کھاتے علیؑ نہ کوفے میں گھر حسنؑ کا جنازہ نہ آتا
واقعہ کربلا کا نہ ہوتا شام زینبؑ نہ بے ردا جاتی

شاعر: حسن رضا

سوز: اکبر عباس

ہائے بابا کلمہ گو ہواں تیری زہراؑنوں دربار بلایا

ہائے بابا کلمہ گو ہواں تیری زہراؑنوں دربار بلایا

ہوئی ایسی پیشی تیرے سنگتیاں دے سامنے ہائے اس پیشی نے مینوں مار مکایا

کیتا برباد میرے گھر نوں مسلماناں نے

دھو کے بازاں تے ستمگاراں تے بے ایماناں نے

آئے لین لئی بدلے اج شبرؑ دے باپ توں، ہائے اج کربل دا آغاز بنایا

تیری تحریر نوں پڑھ ھسدے میں تکدی رئیاں

دھی محمدؐ دی ہاں میں لوکاں نوں دسدی رئیاں

کیتے سند دے ٹکڑے نالے جھڑ کاں وی مار ئیاں، ہائے جناں لوکاں نوں توں کلمہ پڑھایا

بعد تیرے تیری امت نے کی قدر پائی

کھولیا حق میرے پتر اں توں کی گھڑی آئی

توں وی روندا ہو سن تک دختر دے حال نوں، ہائے جدوں اُجڑی دا گھر بار جلایا

شاعر:

سوز: اصغر خان

پہلو بھی شکستہ ہے تُربت بھی شکستہ ہے

پہلو بھی شکستہ ہے تُربت بھی شکستہ ہے کیا حال یہ اُمت نے زہراؑ کا بنایا ہے
خاتون کوئی غم سے یوں چور نہیں دیکھی ایسی کوئی دنیا میں مستور نہیں دیکھی اٹھارہ برس میں ہی لگتی جو ضعیفہ ہے
دربار میں ظالم نے کی ایسی پزیرائی کس طرح سے تو بی بیؑ پھر لوٹ کے گھر آئی بالوں کی سفیدی نے سب حال سنایا ہے
تو روتی رہی گھر میں حیدرؑ سے بھی چُھپ چُھپ کے عصمت کی طرح دُکھ بھی پردے میں رہے تیرے کچھ درد تیرے بی بیؑ بس جانتی فضّہ ہے
دو ایسے جنازے ہیں تاریکی میں جو اُٹھے بس گھر کے ہی لوگوں نے دونو کو دیئے کاندھے اک فاطمہ زہراؑ ہے اک بالی سکینہؑ ہے

پہلو بھی شکستہ ہے۔۔۔۔

مرہم تیرے زخموں کا بی بیؑ نہ ملا اب تک اولادِ امیّہ کی باقی ہے جفا اب تک رونے پہ بھی پہرا تھا تُربت پہ بھی پہرا ہے
مسمار تیرا روضہ اُمت نے کیا جب سے باباؐ تیرا رہتا ہے تُربت پہ تیری تب سے کب گنبدِ خضرا میں باباؐ تیرا رہتا ہے
مہدیؑ سے کوئی پوچھے کیا اُس پہ گزرتی ہے آواز بقیعہ سے جب رونے کی آتی ہے آنکھوں سے لہو رو کر وہ بھی یہی کہتا ہے
تصویر حقیقت کی خوابوں کو بنا دیجئے اے بی بیؑ تکلم کو تعبیر دیکھا دیجئے ماتم تیری تُربت پہ ہوتے ہوئے دیکھا ہے

شاعر: میر تکلم میر

غم سے میرے بچوں کو بچانا میری فضّہ

غم سے میرے بچوں کو بچانا میری فضّہ
ہے تیرے حوالے یہ گھرانا میری فضّہ

شبّرؑ کیلئے دو دو کفن رکھنا بنا کر
تیروں بھرا تابوتِ حسنؑ آئے گا جب گھر
تابوت کو زینبؑ سے چھپانا میری فضّہ

ایک دور کڑا تم پہ ابھی آنا ہے بی بی
بازار میں بے پردہ تمہیں جانا ہے بی بی
یہ بات نہ زینبؑ کو بتانا میری فضّہ

زینبؑ میری بازار میں جائے گی کُھلے سر
ہر موڑ پر ملعونوں سے کھائے گی یہ پتھر
ہر موڑ پر ساتھ اُس کا نبھانا میری فضّہ

غم سے میرے بچوں کو۔۔۔۔

رکھ لینا کئی چادریں سامانِ سفر میں
رکھ لینا ردائیں سبھی جو بھی ملیں گھر میں
رن کیلئے جب ہونا روانہ میری فضّہ

دیکھو ابھی معصوم بہت ہیں میرے بچے
غم سے ابھی مغموم بہت ہیں میرے بچے
تم دور کہیں ان سے نہ جانا میری فضّہ

کی نور علیؔ فاطمہ زہراؑ نے وصیت
بچوں کو میرے صبر کی تم کرنا ہدایت
رو کر مجھے مت اُن کو رُلانا میری فضّہ

شاعر: نور علی نورؔ

غربت کی انتہا ہے

شاعر: عقیل محسن نقوی

غربت کی انتہا ہے نہ سایہ نہ ردا ہے — زہراؑ تیری لحد پر
چند پتھروں نے مل کر محرومہ لکھ دیا ہے — زہراؑ تیری لحد پر

تیروں بھری قباء تھی اور خوں بھری ردا تھی
جو شام سے بچا تھا زینبؑ نے رکھ دیا ہے — زہراؑ تیری لحد پر

دو پہر ڈھل رہے ہیں خیام جل رہے ہیں
تصویر کربلا کی کوئی بنا رہا ہے — زہراؑ تیری لحد پر

زندان کی گھٹن سے اور لاشِ بے کفن سے
عابدؑ نے جو سنبھالا وہ آنسو گر پڑا ہے — زہراؑ تیری لحد پر

کیا یہ دلیل کم ہے اُس کی کمر میں خم ہے
کئی بار آسماں نے سجدا ادا کیا ہے — زہراؑ تیری لحد پر

سنکر ہوا بھی روئی خود کربلا بھی روئی
خاکِ رہِ نجف نے جو مرثیہ پڑھا ہے — زہراؑ تیری لحد پر

تیرے غم کی چند سطریں کام آئیں گی لحد میں
بخشش عقیلؔ کی ہے یہ نوحہ جو لکھا ہے — زہراؑ تیری لحد پر

بدل گئی ہے زمانے کی کیوں نظر بابا

بدل گئی ہے زمانے کی کیوں نظر بابا
تیرے مدینے میں زخمی تیرا جگر بابا

جواب ہاتھ سے اب تک چھپائے بیٹھی ہوں
میرے سوال کا ایسا ہوا اثر بابا

بتا رہے ہیں یہ تیور تمہاری اُمت کے
لُٹے گا کرب و بلا میں ہی میرا گھر بابا

کہاں ہے کُوفہ کہاں قُم کہاں ہے کرب و بلا
بکھر گئی میری تسبیح کدھر کدھر بابا

وہ آنکھ جلنے نہیں دوں گی میں جہنم میں
جو میرے بیٹے کے غم میں ہوئی ہے تر بابا

سوز: غلام عباس

رورو کے آکھے زہراؑ میرا جگ تے جی نئ لگدا

رورو کے آکھے زہراؑ میرا جگ تے جی نئ لگدا اہن کول بلالے بابا
امت نے دل دکھایا ہائے نئ اعتبار جگ دا ہن کول بلالے بابا

تیرے بعد چند لوکاں یک طرفہ جنگ چھیڑی کیتی نہ قدر میری
تیرے بعد جنگ نئ کرنی تیرے حکم دی پابند سی اُوس شیر دی دلیری
گل پارسن پھرایا ہائے وارث جو تیری پگدا ہن کول بلالے بابا

مینوں قبر وچ نئ بھلنی امت دی بے وفائی غاصب دی بے حیائی
ممبر توں لے کے گھر تک میں اُٹھدی بیندی آئی بن گئی ضعیف مائی
ہر وال میرے سر دا ہائے ہویا سفید رنگ دا ہن کول بلالے بابا

جھٹلائی گئی فاطمہ زہراؑ کی گواہی

جھٹلائی گئی فاطمہ زہراؑ کی گواہی یا احمدِ مختارؐ دُہائی ہے دہائی
شبیرؑ ذرا دیکھو تو بے تابیِ اصغرؑ جھولے سے گرا جاتا ہے یہ ننھا سپاہی
جب اصغرِؑ معصوم کا لایا گیا لاشہ سر پیٹتی خیموں سے سکینہؑ نکل آئی
بچے بھی دیئے بھائی بھی اور شام بھی دیکھا نانا تیرے اسلام پہ چادر بھی لٹائی
دربارِ یزیدی میں اغیار کا مجمع فضّہ کو نبی زادیؑ کی حالت نظر آئی
دربار میں بلوایا گیا بنتِ نبیؐ کو یا بنتِ علیؑ کو افسوس مسلمانوں کو غیرت بھی نہ آئی
محسنؑ کی شہادت کی ذمہ دار ہے امت دروازہ گرا زہراؑ پہ اللہ رے دہائی

عظمتوں کی مالکہ غاصبوں کے دربار میں

عظمتوں کی مالکہ غاصبوں کے دربار میں
دینِ حق کی پاسباں ظالموں کے دربار میں

حقِ زہراؑ مل نہ پایا اور پھر جاتے رہے
منصبِ شیرِ خدا پر کم نسب آتے رہے
صبر کی تھی انتہا ظلم کی بوچھار میں

کربلا کا ہر ستمگر تھا اسی دربار میں
ہر ستم پنہاں تھا ان کے ظاہری کردار میں
دِکھ رہی تھی کربلا حاسدوں کی گفتار میں

دیکھتی ہوں سر میں نیزے پہ شہہِ مظلوم کا
سر کھلا دِکھتا ہے مجھ کو زینبؑ و کلثومؑ کا
العطش کی ہے صدا تشنہ لب کی پکار میں

عظمتوں کی مالکہ۔۔۔۔۔

اشک بہتے جا رہے تھے سامنے تھی کربلا
ایک دن آئے گا زینبؑ ہو گی اس میں مبتلا
ہو گا جب اکبرؑ میرا دشمنوں کی یلغار میں

در جلایا گھر گرایا باندھا حیدرؑ کا گلا
بابا تیری وصیتوں کا پایا میں نے یہ صلہ
رہ گیا محسنؑ میرا جلتے در اور دیوار میں

اے مسلمانوں بتاؤ کیا میں وہ زہراؑ نہیں
اور جو چھینا ہے مجھ سے کیا وہ حق میرا نہیں
کردوں گر میں بددعا ہو گا کیا سنسار میں

در حقیقت حق و باطل کی یہ ہی پہچان ہے
ہے دُرود آلِ نبیؐ پہ غاصبوں پہ لعن ہے
بھیجتا ہے خود خدا منکروں کو نار میں

شاعر: عاصم رضوی

سوز: عامر ملک و عابد ملک

ندائے زہراؑ لحد سے آئی

ندائے زہراؑ لحد سے آئی زمانہ مجھ کو ستا رہا ہے
جو اپنے دربار میں تھا غاصب وہ ہی تو خیمے جلا رہا ہے

گرا کر در کو لعین بولا علیؑ کہاں ہے مجھے بتاؤ
کہاں ہو بابا پکاری زہراؑ یہ تازیانہ اُٹھا رہا ہے

حسینؑ اکبرؑ اُٹھا رہے ہیں شبیہہِ احمدؐ لہو میں تر ہے
کہ پھر سے خیر الوریٰؐ کی بیٹی کا ہاتھ پہلو پہ آ رہا ہے

شقی بڑھے تھے بقیع کی جانب علیؑ ارادوں کو جانتے ہیں
امامِ اوّل بنا کے قبریں نشان سارے مٹا رہا ہے

بتایا سلمان نے لعین کو یہ ہی ہیں دیں کی بقا کے ضامن
علیؑ کے بیٹوں کو ساتھ لے کر سند کے ٹکڑے اُٹھا رہا ہے

ندائے زہراؑ لحد۔۔۔۔۔

نہ جانے کب سے کھڑی ہے زہراؑ نہ زخم پہلو کا بھول پایا
اسی لئے تو امامِ غائب لہو کے آنسو بہا رہا ہے

میں عدلِ مہدیؑ کی منتظر ہوں اور اپنی تربت میں رو رہی ہوں
جہاں جہاں ہیں ہماری قبریں وہ حسبِ سابق گرا رہا ہے

نبیؐ کو ہذیان کہہ دیا ہے نواسے جس کے ہیں دیں کے ناصرؔ
لعین مورّخ جنابِ زہراؑ کے قاتلوں کو چھپا رہا ہے

شاعر: ناصرؔ عبّاس
سوز: شبیر حسین خاں

یہ غم جو پڑے دن پر دن رات میں ڈھل جائے
یہ غم جو میری بی بیؑ نے دل پہ اُٹھایا ہے
میر احمد نویدؔ

باباتیری زہراؑ نوں

باباتیری زہراؑ نوں اینج کربل یاد کرائی اے
جیویں پُتر حسینؑ نے جانا اے ہائے اینج تحریر میں چائی اے

گھر آ کے زہراؑ، زینبؑ نوں ہائے سینے دے نال لایا اے
دس ہویا کی اے ماں تینوں کیوں رنگ تیرا بدلایا اے
سر چُم زینبؑ بی بی دا۔ نہ گل زہراؑ دہرائی اے

تاریخ گواہیاں دیوے گی دو ایسے جنازے دفن ہونڑے
اصغرؑ دے نال حسینؑ ہونڑے۔ محسنؑ زہراؑ دے نال ہونڑے
ہائے زخمی پہلو نال علیؑ۔ جدوں زہراؑ قبر چہ لائی اے

دھیاں دے درد ونڈاونڑ لئی اک ماں دا سایہ ہونداسی
زینبؑ، کلثومؑ نوں تک مولاؑ ہائے ہچکیاں لے لے روندا سی
سُن وین عرش وی روندا اے۔ نالے روندی کُل خدائی اے

بابا تیری زہراؑ نوں۔۔۔۔

چوں گھنٹے دی ایس پیشی وچ زہراؑ تے ضعیفی آئی اے

ہتھ رکھ حسنینؑ دے موڈیاں تے ہائے زہراؑ گھر تک آئی اے

ہائے سال اٹھارہ وچ بی بیؑ اِک فدک لئی جھٹلائی اے

اے رو کے دعانواں منگدے نیں اج حسنؔ تے ماتمی زہراؑ دے

ساڈے دل دی حسرت اے بی بیؑ کریے ماتم تیرے روضے تے

روضہ تیرا آباد ہووے۔ تیرے پترؑ نوں عرضی پائی اے

شاعر: حسنؔ مہدی

سوز: عامر ملک و عابد ملک

یثرب میں کربلا میں بغداد و سامرہ میں

افسوس پھول بکھرے زہراؑ تیرے چمن کے

بابا نثارؔ حیدری

اس قوم کے رونے کو

اس قوم کے رونے کو یہی بات بڑی ہے زہراؑ بھرے دربار میں حق مانگ رہی ہے	نوحہ خواں: استاد رضا علی خان
اُٹھ اُٹھ کے خاک اُڑاتی ہے جو بن میں شاید علی اصغرؑ کو بہن ڈھونڈھ رہی ہے	
تا دیر تڑپتے رہے تعظیم کو لاشے یہ کون ضعیفہ ہے جو مقتل میں کھڑی ہے	
برچھی علی اکبرؑ تیرے سینے میں گھڑی ہے پر چوٹ تو زینبؑ کے کلیجے پہ پڑی ہے	https://youtu.be/LnKUegxEEso
سجادؑ تو خاموش ہے بازار میں لیکن زنجیر کی اک ایک کڑی بول رہی ہے	
تاریخ ذرا سانس کو روکے ہوئے رکھنا عمران کی غیرت سوئے دربار چلی ہے	
جس بی بی کی تعظیم کو اُٹھتے تھے پیمبرؐ گھنٹوں سے صحابی کی عدالت میں کھڑی ہے	

رونے کو بیتِ حزن میں جاتی ہیں سیّدہؑ

رونے کو بیتِ حزن میں جاتی ہیں سیّدہؑ
حال اپنا کب کسی کو سناتی ہیں سیّدہؑ

پہلو کے ایک زخم میں، بس ایک زخم میں
ہر زخمِ کربلا لیے جاتی ہیں سیّدہؑ

کرتی ہیں یاد شامِ غریباں کی تیرگی
جب بھی چراغ گھر میں جلاتی ہیں سیّدہؑ

زینبؑ پہ اور حسینؑ پہ کرتی ہیں جب نگاہ
عبّاسؑ کی دُعا کیے جاتی ہیں سیّدہؑ

دل سے بجائے آہ نکلتا ہے یا حسینؑ
اُٹھتا ہے درد خاک اُڑاتی ہیں سیّدہؑ

رونے کو بیتِ حزن۔۔۔۔۔

بے حال روئے جاتی ہیں زینبؑ کو دیکھ کر
دربار سے جو لوٹ کے آتی ہیں سیّدہؑ

کس میں تاب ہے کہ سنے سیّدہؑ کا حال
خود کو ہی اپنے زخم دکھاتی ہیں سیدہؑ

فرشِ عزا پہ بیٹھ اور آنسو بہا نویدؔ
لینے کو پُرسہ آپ ہی آتی ہیں سیّدہؑ

شاعر: احمد نویدؔ

سوز: عامر ملک و عابد ملک

روشن دنوں کو کر دے سیہ رات جو نویدؔ
وہ آہ، وہ تڑپ، وہ فغاں، سیدہ س کا غم

اگ لا چھوڑی دروازے کوں

اگ لا چھوڑی دروازے کوں جس در تے لھندا قرآن ڈٹھا اساں بعد نبیؐ اِس اُمت دا تبدیل تھیندا اِیمان ڈٹھا	شاعر و سوز: سلامت فیروز سلامت بشکریہ ناصر اصغر پارٹی، انجمن شباب المومنین، کراچی
کربل دا مقتل ھِک پاسے ڈٹھی ظلم دی حد اِیناں اکھیاں نیں وچ شکم دے قتل وی ھک تھیندا اللہ دا پاک مہمان ڈٹھا	
جَھل زخمی پاسہ جَد بہہ گئی جنت دی مالکہ وِچ ویڑے اَساں عرش تے بیٹھا رَت روندا بے مثل او رب رحمان ڈٹھا	
جیھڑا دینِ خدا دا وارث سی اتے فاتح خیبر و خندق سی زھراؑ دی میت تے رو جھنڈدا بے مثل علیؑ سلطان ڈٹھا	
بند کفن دے کھول کے سد مارے آکھے ماں دے کول توں آ بچڑا میت تے غش توں نہ اٹھدا، زہراؑ دی جند جان ڈٹھا	
زینبؑ نوں سَد کے سِر چُم کے آکھے رات ڈٹھا میں خواب دے وچ شبیرؑ دا سِر میں نیزے تے اَتے تینوں وچ زندان ڈٹھا	
چَھڈ عرش ملائک سِر پٹدے وِچ غم دے شریک تھیونڑ آئے وِچ غم تے بیٹھے سَلامتؔ نوں جَدوں لکھدا اے عُنوان ڈٹھا	

تیری زہراؑ درد و غم کا صحیفہ ہو گئی

تیری زہراؑ درد و غم کا صحیفہ ہو گئی
بابا میری ہر خوشی نظر سقیفہ ہو گئی

تیری امت سے لگا ہر تازیانہ سہہ لیا
میں گئی دربار میں جب بال تھے میرے سیاہ
بس چنے ٹکڑے سند کے توضعیفہ ہو گئی

نہ دیا جی بھر کے رونے، نہ دیا مجھ کو فدک
تیرے بھائی سے بھی چھینا ہے تیرے ممبر کا حق
تیری نافرمان اُمت خود خلیفہ ہو گئی

بن گئی نوحہ علیؑ کے واسطے ہے میری ذات
چلتی ہوں حسنینؑ کے اب رکھ کے میں کاندھوں پہ ہاتھ
ایک دن میں بابا دیکھ میں نحیفہ ہو گئی

تیری زہراؑ دردو غم۔۔۔۔

میں بنائے دیں کی ماں ہوں میں بقائے لا الہٰ
آج ہوں پہلو شکستہ دیکھ میرا گھر جلا
اور اب آہ و بقا کا میں وظیفہ ہو گئی

حشر تک عرفانؔ بھولے گی ہمیں نہ یہ صدا
روکے وہ بی بیؑ کا کہنا ہائے زینبؑ کی ردا
اس قدر مغموم اک اُمّ الشریفہ ہو گئی

شاعر: عرفانؔ

ہائے بعد مُصطفےٰؐ کیسا زمانہ آ گیا
صاحبِ تطہیرؑ کو دربار میں دیکھا گیا

بابا نثارؔ حیدری

یوں ملا اجرِ رسالت بعد احمد مصطفیٰؐ

یوں ملا اجرِ رسالت بعد احمد مصطفیٰؐ ہاتھ پہلو پہ لئے لوٹی جنابِ سیدہؑ
اِس طرح تحریر کے ٹکڑے اُڑے دربار میں بھول پائے گی نہ بی بیؑ وقت حاکم کی جفا
آگ لے کر سیدہؑ کا گھر جلانے آگئے اپنے محسن کو دیا کیا خوب امت نے صلہ
بعد تیرے تیری امت کے ہیں بدلے یوں مزاج میں کھڑی تھی اور بیٹھے تھے سبھی وہ بے حیا
اس طرح اجرِ رسالت ہے ملا دربار سے کہ بروز حشر ہونگے میرے رخسارے گواہ
اے امامِ عصرؑ آ کے لے تو اِن سے انتقام ماتمی ہیں منتظر مولاؑ تو اب پردہ اُٹھا

بشکریہ: ناظم پارٹی، انجمن شباب المومنین، کراچی

آج تک کوئی سمجھا کہاں اے علیؑ تیری تنہایاں
اک فقط ہیں تیری رازداں اے علیؑ تیری تنہایاں
سوچتا ہے یہ اکثر نویدؔ کھوجتا ہے یہ اکثر نویدؔ
ختم ہوتی ہیں جا کر کہاں اے علیؑ تیری تنہایاں

میر احمد نویدؔ

باب نمبر 2: قتل قبلہ ہوا

وہ جس کے سر کا عمامہ ہے دین کی دستار
اُسی کے سر پہ ہی سجدے میں چل گئی تلوار
صراطِ حق ہے وہی، راہِ مستقیم وہی
بنا گئی ہے جو رستا ترے لہو کی دھار

میر احمد نویدؔ

بے درد مسلماں تو خوشیاں منا رہے ہیں

بے درد مسلماں تو خوشیاں منا رہے ہیں

عرب و عجم کے مولا دنیا سے جا رہے ہیں

کچھ تو لحاظ کرتے دامادِ مصطفےٰؐ کا

سجدے میں جو علیؑ پے ہائے ظلم ڈھا رہے ہیں

احمدؐ کے بعد زہراؑ اب چل پڑے علیؑ بھی

آثار پنجتنؑ کے ظالم مٹا رہے ہیں

بالوں کو کھولے زینبؑ کلثومؑ رو رہی ہے

گھر گھر چراغ کوفی شامی جلا رہے ہیں

برسے گے تیر پیہم تابوت پر حسنؑ کے

مولاؑ یہ وقتِ آخر رو کے بتا رہے ہیں

بے درد مسلماں تو۔۔۔۔

نکلے ہیں آگ لے کر کچھ لوگ ثقیفہ سے
سادات کے گھروں کو ابتک جلا رہے ہیں

تو سیکھ گھر میں چلنا وہ شام کا سفر ہے
تیری قید کے زمانے نزدیک آ رہے ہیں

مولا کے جنازے پر جبرئیل رو کے بولے
سردارؔ انبیاء کے غمخوار جا رہے ہیں

شاعر و سوز: یوسف سردارؔ

تیرے در پر جب بھی اخترؔ نے کیا سوال مولاؑ
تیرا سوزِ عشق مانگا کبھی زندگی نہ چاہی
اخترؔ چنیوٹی

وین کرے کلثومؑ تے زینبؑ بابے نوں گل لا کے

وین کرے کلثومؑ تے زینبؑ بابے نوں گل لا کے
امبڑی وانگوں بابل سائیاں چلیاں رونے پا کے

جو مسجد وچ ظلم سی ہویا ویکھ کے عرش تے رب وی رویا
کُلِ ایمان دے سر تے ظالم ماری ضرب سی آ کے

بن ملکہ تیرے سنگ آئی کیتی اے تعظیم خدائی
اج لگدا ایں دوجی واری آؤنا اے رسیاں پا کے

تیری شکل دا ویر عباسؑ اے اُم البنینؑ دی آخری آس اے
پیو پتراں نوں بندھے سہرے شگھناں نال سجا کے

چڑھ پئی خونی سُرخ ھنیری آئی بقیعہ چوں امبڑی میری
ہائے حسنینؑ نوں ویکھ کے رووے سر وچ مٹیاں پا کے

تیری موت دا جو ارمان ایں ایہو کربل دا عنوان ایں
میں ویراں دیاں لاشاں چھڈ کے ٹریا ایں کڑیاں پا کے

وین کرے کلثومؑ تے.....

نہ امبڑی نہ کول وے نانا ویری لوک تے دیس بیگانہ
روندے ویر بے وارثاں وانگوں گل وچ بانہیں پا کے

آخری ویلے کر اک وعدہ بابا صدقہ ماں زہراؑ دا
ویکھیں شامِ غریباں میرے رات نوں پہرے آ کے

تک زہراؑ دا گھر ویران ایں روند انبیاںؑ دا سلطان ایں
آیا نال بتولؑ دے کوفے رووے خاک اُڑا کے

گھر سادات دے پھوہڑی پہ گئی امت خوشیاں دے وچ پہ گئی
حسنؑ حسینؑ نے روندے ٹرپئے پیو دی میت چا کے

وچ مسجد دے خون داڈُھلنا نئی سردارؔ کدے وی بھلنا
سجدے توں پہلا قاتل نوں ٹریا اے سید جگا کے

شاعر: یوسف سردارؔ　　　　سوز: یونس افتخار

دنیا سے چل بسا ہے غم خوار مصطفیؐ کا

دنیا سے چل بسا ہے غم خوار مصطفیؐ کا
لو وار چل گیا ہے پردیس میں جفا کا

لو ہو گئے ہیں تازہ پھر زخم فاطمہؑ کے
اس ظلم سے ہوا ہے آغاز کربلا کا

اک بار پھر ملی ہے حسنینؑ کو یتیمی
نانا رہے نہ سر پہ نہ سایہ مرتضیٰؑ کا

بقیع سے آ رہی ہے رونے کی پھر صدائیں
امت نے مار ڈالا ہے تاج اِنَّمَا کا

یہ آخری وصیّت عبّاسؑ میری سن لو
اب تو ہی ہے محافظ زینبؑ کی اس ردا کا

دنیا سے چل بسا۔۔۔۔۔

بے وارثوں کو کوئی دیتا نہیں تسلی
کوفے میں رونقیں ہیں میلہ ہے اشقیا کا

پہلو تھا ماں کا زخمی سر باپ کا ہوا ہے
زینبؑ نے رو کے دیکھا چہرہ جو مرتضیٰؑ کا

امت نے جس کو مارا کوفے کی سر زمیں پر
سردارؔ یہ وصی ہے سرکار انبیاء کا

شاعر:یوسف سردارؔ

سوز:افتخار سردار

https://www.youtube.com/watch?v=l_cwSIy_ehs

وہ اگر سجدہ نہ کرتے، تھے وہ کافر سب نویدؔ
گر علیؑ سجدہ نہ کرتے لوگ انہیں کہتے خدا
میر احمد نویدؔ

یہ جنازہ ہے علیؑ کا شاہ خیبر گیر کا

یہ جنازہ ہے علیؑ کا شاہِ خیبر گیر کا آج بابا مر گیا ہے شبرؑ و شبیرؑ کا
فاطمہ زہراؑ کے مرقد سے صدا آنے لگی یہ مصائب رہ گیا تھا کیا میری تقدیر کا
یا رسول اللہ یہ جبریلؑ نے رو کر کہا ایک حلقہ اور ٹوٹا نور کی زنجیر کا
کیوں چلائی تیغ حیدرؑ پہ بنِ ملجم بتا قتل قرآن کر دیا ، کاٹا گلا تفسیر کا
غم علیؑ کی بیٹیوں کے پھر سے تازہ ہو گئے غم ابھی بھولی کہاں تھیں مادر دلگیر کا
چھوٹے سے عباسؑ بھی روتے ہیں سر کو پیٹ کر بچپنا عباسؑ کا اور زخم دل پر تیر کا
نزع میں جانے علیؑ کو کیا خیال آتا رہا منہ کبھی زینبؑ کا دیکھا اور کبھی شبیرؑ کا

یہ جنازہ ہے علیؑ کا۔۔۔۔۔

باپ کی میت سے زینبؑ کا لپٹنا بار بار دل ہلا دیتا تھا رونا شاہ کی ہمشیر کا
بیٹیوں کو دیکھتے ہیں اور روتے ہیں علیؑ ہائے وہ ظالم تصور شام کی تشہیر کا
سجدہِ خالق میں سر پر چل گئی تیغ ستم کرگیا ہے سرخرو حیدرؑ کو پھل شمشیر کا
تھپکیاں دیتے رہے حضرت کبھی عباسؑ کو اور بازو چومتے تھے چاند کی تصویر کا
مسجدِ کوفہ میں ضربت ہائے سجدے میں لگی قتل کعبہ ہو گیا یہ نالہ تھا جبریلؑ کا
روتے تھے جس کے لئے وہ سب کا تھا مشکل کشا ہائے سکینہؑ کا تھا دادا، بابا تھا شبیرؑ کا

اسلام دا محسن قتل ہویا

اسلام دا محسن قتل ہویا سر تاج رسولؐ دی دھی دا
زہراؑ دے لال یتیم ہوئے گیا ماریا ویر نبیؐ دا

ایں دی کعبہ جائے ولادت ہے مسجد وچہ پائی شہادت ہے
توحید رسالت دی نصرت جیندا مقصد ہا زندگی دا

ہک ضرب جیندی جنگِ خندق دی ثقلین دی بندگی توں ودھ گئی
افسوس ہے ابنِ ملجم تے کیوں بُھل گیا شان علیؑ دا

اے پہلا لال ولایت دا حیدرؑ ہے فخر امامت دا
ہائے کلمہ گو سب مل کے اٹھاؤ اے تابوت علیؑ دا

نہ میت حسنؑ دے تیر ڈٹھے نہ لاش حسینؑ پامال ڈٹھی
غیور علیؑ تیں ویکھیا نئی سر ننگا زینبؑ دھی دا

اسلام دا محسن۔۔۔۔۔

عمران دا چن فاتحِ خیبر کیوں بعد رسول خاموش رہیا
حق پاک بتولؑ دا غضب تھیا ڈھالو گاں صبر علیؑ دا

توں خوش قسمت ہیں مولا علیؑ تیکوں غسل کفن ڈتا پتر اں نے
رہیا ترے ۳ ڈین باجھ کفن لاشہ تیرے پتر حسینؑ سخی دا

تنویرؔ علیؑ فرمایا اے گل لا کلثومؑ تے زینبؑ نوں
میکوں درد روئندا ئے دھیاں دی درباراں دی پیشی دا

شاعر: سید تنویرؔ نقوی

سوز: وزیر افضل

شاہ نجف دے سرتے خنجر شقی چلایا

شاہ نجف دے سرتے خنجر شقی چلایا
جبرئیل وین کر دادرِ فاطمہؑ تے آیا

ہل گئی زمین کوفہ ماتم ہے دوجہاں وچ
بابے دا زخمی سر جد زینبؑ نے جھولی پایا

کھولیں نہ وال زینبؑ بابے دی زندگی وچ
قائم روے ہمیشہ ویراں دا سرتے سایا

قاتل نوں ویکھ پیاسا شربت پلایا سیّدؑ
ہو قیدی ابنِ ملجم جدوں سامنے ہے آیا

مظلوم بہوں حسینؑ اے توں خوش نصیب مولاؑ
ملیا کفن وی تینوں پتر اں جنازہ چایا

شاہ نجف دے سر۔۔۔۔۔

بابے دا زرد چہرا جدوں ویکھیا اے دھیاں
اج میں یتیم ہوئی زینبؑ نے وین پایا

کعبہ جائے ولادت مسجد دے وچ شہادت
حیدرؑ سوا کسے وی اعزاز اے نہ پایا

حسنینؑ چا جنازہ ٹرپئے نجف دے پاسے
زینبؑ نوں یاد اُس دم ماں دا جنازہ آیا

تنویرؔ کربلا دی ہوئی کوفے ابتداء اے
مسجد دے وچ علیؑ دا ناحق لہو بہایا

شاعر: سید ضمیر الحسن تنویرؔ

قتل قبلہ ہوا اور خون میں نہایا سجدہ

کلام	شاعر
قتل قبلہ ہوا اور خون میں نہایا سجدہ ہائے روئے گی نماز اپنے نمازی کو صدا	شاعر: نعیم احمد نویدؔ
نہ رہا وہ جسے پڑھتی تھی مصلّے پہ نماز اب پٹکتا ہے مصلّے پہ سر اپنا سجدہ	
کیا سحر ہو گئی ضربت کی گھڑی آ پہنچی کیوں ٹھہرتی نہیں ہائے سرِ زینبؑ پہ رِدا	
جُز محمدؐ کسے معلوم محمدؐ کی قسم تیری تنہائی پہ تنہائی میں روتا ہے خُدا	
سورۃ فتح کی آنکھوں سے ٹپکتا تھا لہو ہائے جس وقت کہ گلیوں میں تجھے کھینچا گیا	
تیری مظلومی پہ جب روتا ہے تیرا ہی جلال عرش و کرسی سے ہے آتی ترے گرِیے کی صدا	
کامیابی سے ارادوں کی علیؑ کو جانا اے نوید آپ کا کاسہ کبھی خالی نہ رہا	

سر دینے یہ خدا کی جگہ کون آگیا

سر دینے یہ خدا کی جگہ کون آگیا
خود کٹ گیا مگر وہ خدا کو بچا گیا

کچھ اور بھی بلند ہوا گریائے علیؑ
زینبؑ کا حال جب بھی تصور میں آگیا

ہو کر سرِ علیؑ کا عمامہ لہو لہو
زینبؑ کی بے ردائی کا نوحہ سنا گیا

بہہ کر سرِ علیؑ سے لہو فرش خاک پر
کچھ ہو نہ ہو خدا کو خدا تو بنا گیا

جس کے لہو کی دھار بنی راہِ مستقیم
بہہ کر لہو نجات کا رستہ بنا گیا

اب تم اسے تلاش کرو ہر سوال میں
دے کر صدا سلونی کی وہ تو چلا گیا

جب چاند عید کا نظر آیا مجھے نویدؔ
اک سر لہو میں ڈوبا ہوا یاد آگیا

شاعر: احمد نویدؔ

سوز: عامر ملک و عابد ملک

حیدرؑ کا مسلماں نے جو خون بہایا ہے

حیدرؑ کا مسلماں نے جو خون بہایا ہے سر پر سے یہ زینبؑ کے ہائے سایہ اُٹھایا ہے
ضربت کی خبر آئی جس دم درِ حیدرؑ پر زینبؑ نے ردا تھامی بازو کو چھپایا ہے
شبیرؑ تیرے لاشے کو کون اُٹھائے گا تو نے تو یہ بابا کا تابوت اُٹھایا ہے
کرنا ہے حوالے جو شبیرؑ کو غازیؑ کے عبّاسؑ کو حیدرؑ نے نزدیک بلایا ہے
زینبؑ سے کوئی پوچھے اے کوفے کی شہزادی کیوں باپ سے مرتے دم تک خود کو چھپایا ہے
شبیرؑ کو زینبؑ نے ہی سر کی ردا سمجھا ماں کہہ کے ہی سرور نے زینبؑ کو بلایا ہے
ماں کو بھی نوید آمت نے روکا تھا رونے سے زینبؑ کے بھی رونے پر اب پہرا لگایا ہے

شاعر: نمیر احمد نویدؔ

گلشن آل پیمبرؐ میں خزاں آنے کو ہے

گلشن آل پیمبرؐ میں خزاں آنے کو ہے مسندِ ختم رسلؐ ویران ہو جانے کو ہے[1]
آج زینبؑ کو نظر آنے لگا بازارِ شام فاطمہؑ کیا پھر کسی دربار میں جانے کو ہے
زینبؑ و کلثومؑ رکھنا حوصلے اپنے بلند آج پھر کوئی قیامت کی خبر آنے کو ہے
جب گرے گھوڑے سے غازیؑ تو سکینہؑ نے کہا دُر میرے اور چادر تطہیر چھن جانے کو ہے
ننھے ننھے بازوؤں میں ڈال کر چھوٹی سی مشک شیر حق عباسؑ کی کچھ شان دکھانے کو ہے
آج کی شب روضائے ختم رسلؐ ہل جائے گا اِبن ملجم آج کچھ ایسا غضب ڈھانے کو ہے

---

[1] نوٹ: مطلع کا مصرعِ ثانی جو ناظم پارٹی نے پڑھا ہے: "حیدرؓ و صفدرؑ کا سایہ سر سے اٹھ جانے کو ہے"

گلشن آلِ پیمبرؐ میں۔۔۔۔۔

زینبؑ و کلثومؑ کو سینے سے کر لو اب جدا باپ کے چہرے کی رنگت اب بدل جانے کو ہے
چھا گئی ہے کیوں اداسی شبرؑ و شبیرؑ پر صاف ظاہر ہے یتیمی سر پہ چھا جانے کو ہے
کربلا والوں کی شاید تشنگی کا ہے خیال ساقیِ کوثر ذرا پہلے چلے جانے کو ہے
تا قیامت خوں روئے گی زمین کربلا ظلم کی کالی گھٹا سر پہ چھا جانے کو ہے
نوحہ گر جبریلؑ ہے ماتم بپا ہے چار سو روشنی چھپنے کو ہے اندھیرا چھا جانے کو ہے
گونجتی تھی جو فضاؤں میں سلونی کی صدا وہ صدائے دل نشیں خاموش ہو جانے کو ہے
قصّہِ قرطاس سے نسبت ہے اے اخترؔ اسے جو فسانہ ابنِ ملجم آج دوہرانے کو ہے

شاعر: اخترؔ چنیوٹی

بھول نہ پائیگی زہرہؑ کوفہ والوں کی وفا

بھول نہ پائیگی زہرہؑ کوفہ والوں کی وفا
دور یثرب سے علی کی بیٹیاں، ہو گئیں پردیس میں بے آسرا

ہو گئیں برباد زہرہؑ زادیاں، لٹ گئی کونین کی شہزادیاں
جھک گئے جن کے لئے شمس و قمر، کاش ان کا کلمہ گو کرتے حیاء

وارثِ تطہیر ہے روتی کھڑی، آگئی سادات پہ مشکل گھڑی
جس کی ضربت نے بچایا دین کو، اُس پہ ہی سجدے میں خنجر چل گیا

کس طرح بھولے ہمیں ماہ صیام، ہو گیا ہم سے جدا حق کا امام
اپنے قاتل کو جگا کر آپ ہی ضرب کھا کر بھی اسے شربت دیا

بانیء اسلام کا تابوت ہے، اشک بار اخترؔ ہر اک منکوت ہے
عرش پہ شہہ کی صفِ ماتم بچھی، ہو رہی ہے خلد میں آہ و بکا

شاعر و سوز: اختر حسین اخترؔ

کلِ ایماں کا جنازہ ہے اٹھا

کلِ ایماں کا جنازہ ہے اٹھا دو جہاں میں آج ماتم ہے بپا
پھر سقیفہ سے چلی تیغِ ستم زخم زہرہؑ کو لحد میں ہے ملا
شق ہے تلوار سے مولاؑ کی جبیں لب پہ ہے فزتُ بہ ربِّ کعبہ
خون میں تر ہے محمدؐ کا وصی گھر میں زہرہؑ کے ہے ماتم کی صدا
اپنے محسن پہ ستم ڈھاتے نہیں ابنِ ملجم تجھے آئی نہ حیا
آج حسنینؑ ہوئے خاک بسر سر ہے پردیس میں زینبؑ کا کھلا
یہ ہے مولاؑ کی وصیّت غازیؑ بعد میرے تو ہے زینبؑ کی ردا
ماں گئی چھوڑ کے بابا بھی چلے کون دنیا میں یتیموں کا رہا
رو کے زینبؑ سے یہ فضّہ نے کہا تیری قسمت میں ہے اب شام لکھا
کون جوّاد! علیؑ سا ہے سخی جس نے قاتل کو بھی شربت ہے دیا

شاعر: جوّاد جعفری سوز: منظور حسین

شاہِ کونین دا جنازہ جدوں گلیاں چہ آیا

شاہِ کونین دا جنازہ جدوں گلیاں چہ آیا ہائے میت نے وین پائے

کوفے دے لوکو شہر سجالو، کل میریاں دھیاں لئی کوئی نہ بازار سجائے

میرے ویری باہر آجاون اُٹھا کے پتھر لین بدلے میری میت تے وسا کے پتھر کوئی شہر دا واسی قیدی کر کے میرے پور دے بالاں تے نہ آن کے پتھر وسائے
مان بھیناں دا روے جگ تے سلامت شالا جیویں دنیا تے میرا غازیؑ اے علماں والا بھیناں دی چادر بن کے جیویں غازیؑ دا قاتل اج میرے بازو آن لہائے
میرا لاشہ بابِ کوفہ تے لے جائے کوئی اوتھوں دربار تائیں مینوں پھرائے کوئی زہراؑ دیاں جائیاں نوں گلیاں وچ بن چادر باجھ رداواں نہ جھڑکاں مار پھرائے

شاہِ کونین داجنازہ۔۔۔۔

تیر گردن چہ میری آ کے پرو لو سارے کل کوئی میریاں پتراں نوں نہ نیزے مارے نو لکھ فوجاں دے رہوار بلا کے وچ صحرا دے میری میت پامال کرائے
شہر وچ جنیاں وی رسیاں نے منگاں لے حاکم میری دھیاں دی جگہ مینوں پوا لے حاکم میری گردن دے نال پرو کے میری میت تے حاکم پیا نیلے داغ بنائے
وین کردا رہیا اکبرؔ اے نجف دا والی چوں سالہ دی سکینہؑ نوں نہ مارے کوئی میرے کَن چیرے مار تمانچے میری بچڑی دے بدلے مینوں وچ قیداں دفنائے

شاعر: حسنین اکبرؔ

سوز اصغر خان

نہ روگ یتیمی والا رب بے وطناں نوں لاوے

نہ روگ یتیمی والا رب بے وطناں نوں لاوے
پردیس چہ زینبؑ وانگوں کوئی وسدا اجڑ نہ جاوے

تک پیؤ دے اے لاشے نوں روندے نے حسنؑ حسینؑ اے
ہلیا وی عرش خدا دا جدوں زینبؑ کیتے وین اے
ہُن تیرے یتیماں نوں دس جا بابا چپ کون کرا وے

گل لا کے جنازے نوں ہائے اولادِ علیؑ فرمائے
تک نانا تیری امت نے کی اینج دے ظلم کمائے
بے آسرا کر کے سانوں پئی دنیا عید مناوے

ہُن رب دے حوالے زینبؑ تیرے بابے نوں ارمان اے
تینوں چھڈ چلیاں میں کلیاں پر اے دستور جہان اے
تک لئی توں ویرن غازیؑ نوں جے میری یاد ستاوے

نہ روگ یتیمی والا۔۔۔۔۔

ایس واسطے رواں زینبؑ میری نازک توں شہزادی
ہو سی گرمی وچ صحراواں دے توں ٹرن دی کوئی نئ عادی
ہوسکدا امت نانے دی تینوں وچ بازار ٹراوے

ماں پیو دا پیار وی ہووے رووے سر تے ہمیشہ سایہ
سجادؔ دکھی زینبؑ آکھے سن عرضاں پاک خدایا
پردیس چہ ساڈے وانگوں نہ عید کسے نوں آوے

شاعر: سجادؔ بخاری

سوز: اکبر عباس

علیؑ نے میرے کاسے میں فقیری ڈال دی جس دم
نویدؔ اُس دم مرے دل پر کھلا دستِ خدا کیا ہے

احمد نویدؔ

حسنینؑ جدوں بابے داتابوت اُٹھایا

حسنینؑ جدوں بابے داتابوت اُٹھایا
میں اجڑ گئی بابا رو رو کے ہائے زینبؑ نے وین پایا

تطہیر دیاں پلیاں اسی فاطمہؑ دی جائیاں
ساڈے پر دیاں تے رب نے خود آیتاں بنائیاں
فیر آپ تسی بابا کوفے داہائے بازار کیوں وکھایا

کیوں لاشہ تیرا کمنب داکیوں اکھیاں روندیاں نے
دس بابا تیتھوں تیری دھیاں ایہہ پچھدیاں نے
اساں روندیاں جد بابا چادر نوں ہائے چہرے تیرے تے لایا

نانے داتوں علیؑ سین غازیؑ علیؑ بھرادا
میرے دور دے علیؑ نال اک وار مل جابابا
اکھ کھول کے ویکھ تینوں ملن لئی ہائے سجادؑ میرا آیا

حسنینؑ جدوں بابے دا۔۔۔۔۔

اج پہلی واری مینوں ناں لے کے تو بلا لے

بانہواں کفن چوں کڈ کے زینبؑ نوں سینے لا لے

شبیرؑ لئی جیویں کفن وچوں ہائے بانہواں نوں ماں نے چایا

ثقلینؔ نئیں تخیل تاریخ نے وے دسیا

بس پئیو دی موت تے ای عباسؑ روند اتکیا

اس دن تو علاوہ نئیں روندا ہویا ہائے عباسؑ نظر

شاعر: ثقلینؔ اکبر

سوز: اصغر خان

یہ راز کسی کو نہیں معلوم کہ مومن

قاری نظر آتا ہے حقیقت میں ہے قرآن

علامہ اقبالؔ

حسنینؑ جدوں چایا سی جنازہ پیو دا

حسنینؑ جدوں چایا سی جنازہ پیو داوین دھیاں پائے فاطمہ زہراؑ دے ویڑے وچ ہوئی قیامت ہائے
وچ پردیسیاں یتیماں اے دعاواں منگیاں ساڈے وانگ نہ شالا اُٹھ جاون سر توں پیو دے سائے
آکھے گل لا کے جنازہ تیری زینبؑ بابا کیویں ہوش کراواں ویراں نوں ہر کوئی غش کھائے
تُساں جو آکھیاں ٹُرساں شام بازاراں وچ اے تے دس جا بابا اجڑی نوں ٹرنا کون سکھائے
مسجدِ کوفہ چہ ہویا اے قتل ویر میرا بنیاں تے ولیاں نوں لے سرورؑ لاش علیؑ تے آئے
کیویں سجادؔ لکھے غم تے سناوے اصغرؔ کر کے دفن علیؑ نوں کوفے وچ لوکاں جشن منائے

شاعر: سجادؔ بخاری

سوز: اصغر خان

میرا بابا اکھیاں کھول

میرا بابا اکھیاں کھول زینبؑ نال کج تے بول
فضہؑ دی اوٹ چوں بار آ کے بے گئیاں تیرے کول

توں چانداسی تیری زندگی وچ تینوں سامنے آن سلام کراں
تیری حسرت اے میرا چن بابا میں تیرے نال کلام کراں
جیڑے بعد نانے دی امت دتے او سارے دکھڑے پھول

ہتھ جوڑ کے ساڈیاں عرضاں نیں سن لے کلِ ایماں بابا
ہے واسطہ پاک پیمبرؐ دا نہ سانوں چھوڑ کے جا بابا
وچ جگ دے اجڑیاں دھیاں لئی پیو ہوندے نے انمول

اینج لگدا اے حسن بعد تیرے حد ظلماں دی مُک جانی اے
تیرے بدلے لین لئی لوکاں میرے سر دی چادر لانڑی اے
تیرے گوہر نایاب جیڑے امت دینڑے نے خاک چہ رول

تیرے پتر دا ماتم کرنا اے وچ جگ تے ماتم داراں نے
رہنا ہے شاہدؔ حشر تائیں گلیاں چوکاں بازاراں نے
ماتم دی گونج نے کھول دینڑے فاسق دے سارے پول

شاعر: شاہدؔ

سوز: سمیع عباس، فیصل آباد

علیؑ ولی کے بغیر کیا ہے

نماز روزہ یہ حج زکوۃ، علیؑ ولی کے بغیر کیا ہے وہ سجدے سارے تیری خیرات، علیؑ ولی کے بغیر کیا ہے
قرآن کی رو سے حبیبِؐ داور تمام کیجئے پیامِ حق کو خدا کے نزدیک ہر شہادت، علیؑ ولی کے بغیر کیا ہے
اے ابنِ ملجم تیری یہ ضربت علیؑ پہ کیا تھی ولی حدف تھا تجھے بھی معلوم تھا ولایت، علیؑ ولی کے بغیر کیا ہے
لٹا ہے کربل میں سارا کنبہ علیؑ و زہراؑ تیرے چمن کا بتایا زینبؑ نے دینِ فطرت، علیؑ ولی کے بغیر کیا ہے
یہ سارے سجدے یہ سب نمازیں سب اپنے محور سے ہٹ کے کیا ہیں اذان میں خیر العمل کی دعوت، علیؑ ولی کے بغیر کیا ہے
قرآنِ ناطق کے سر پر ضربت نبیؐ کے کنبے میں حشر برپا کوئی بھی سورۃ کوئی بھی آیت، علیؑ ولی کے بغیر کیا ہے

شاعر: عاصم رضوی

نکلا ہے یہ جنازہ جو آج مرتضیٰؑ کا

نکلا ہے یہ جنازہ جو آج مرتضیٰؑ کا کوفہ میں ہو گیا ہے آغاز کربلا کا
حسنینؑ کو شہادت کا اب یقین ہوا ہے خطرہ سا پڑھ گیا ہے زینبؑ کو بھی ردا کا
جی بھر کے دیکھ لو اب لوگوں رخِ علیؑ کو چھپنے کو جا رہا ہے یہ راز کبریا کا
سرورؐ کے بعد زہراؑ لو اب علیؑ چلے ہیں پروان چڑھ رہا ہے وہ تاج حسبنا کا
کیا ظلم تو نے ڈھایا ملعون ابنِ ملجم پل میں اجڑ گیا ہے گھر آلِ مصطفےٰؐ کا
نوحہ انیسؔ تجھکو خیرات میں ملا ہے جتنا ہو شکر کم ہے شبیرؑ کی عطا کا

حیدرؑ دے جنازے تے کیتے وین زہراؑ جائیاں

حیدرؑ دے جنازے تے کیتے وین زہراؑ جائیاں
پردیساں دے وچ باباسانکوں دے گئیوں جدائیاں

ٹُر جان پیو جناں دے دھیاں اوزندگی ساری
مرمر کے جیوندیاں نے درداں دیاں ستائیاں

ساڈے سر توں اُٹھ گیا اے بابے دا پاک سایہ
زینبؑ نے آکے بانہواں فضہؑ دے گل چہ پائیاں

نانے تے امڑی باجوں کلِ ایمان بابا
امت نے کیتیاں نے ساڈے نال بے وفائیاں

شاہدؔ جناں دا پردہ توحید نے بنایا
ظلمی ھنیریاں نیں اُناں دے سرتے چھائیاں

شاعر: شاہد

رون پیا نیں اج زہراؑ جائیاں

رون پیا نیں اج زہراؑ جائیاں بابے دی لاش تے آ کے
کی ملیا ظالماں نوں کوفے چہ سیداں تے انج دا ظلم کما کے

حسنینؑ کھڑے روون فضہؑ دے وین سن کے
کہرام ہویا برپا روون بتولؑ جائیاں
خاکاں سراں چہ پا کے

عباسؑ نوں بلا کے مولاؑ ہے فرمایا
میرے بعد توں زینبؑ دے پردے دا ہے محافظ
رویا ہے گل سنا کے

تیرے بعد غریباں دا ہُن کون سہارا اے
کوفے دیاں گلیاں وچ تینوں یاد کر کے بابا
روسن یتیم آ کے

رون پیا نیں اج۔۔۔۔۔

عرشاں تے منادی اے جبرئیلؑ پیا رووے
روندے نیں سارے مرسلؑ روندا اے خود خدا وی
ہائے عرشاں نوں ہلا کے

پتراں نے جدوں چایا شاہِ زمن دا لاشہ
کلثومؑ واجاں مارے چھڈ کے نہ جاویں بابا
انج نوں رلا کے

مشکل کشاء علیؑ ایں محسنؔ دی عرض سن لے
منظور کر دعاواں تینوں پرسہ دین مومن
روضے تیرے تے جا کے

شاعر: محسنؔ شاہ

سوز: جوہر شاہ

حسنینؑ پہ یتیمی پردیس میں ہے آئی

حسنینؑ پہ یتیمی پردیس میں ہے آئی مولا علیؑ کے غم میں مغموم ہے خدائی
تلوار و زہر دونوں بابا کے سر پہ باہم بیٹوں نے یہ وراثت ایک ایک کر کے پائی
لو چل بسا یتیموں بیواؤں کا سہارا کرتا تھا جو ہمیشہ دشمن سے بھی بھلائی
کیسا ستم ہوا ہے بعدِ علیؑ خدایا امت ہے بیٹیوں کو بازارِ شام لائی
ہائے کانپ اُٹھا تھا کوفہ زینبؑ کی آہ بکا سے جن و بشر ملائک دیتے ہیں سب دہائی
آغاز ہو گیا ہے کربل کا یا خدایا سجدے میں جب شقی نے تلوار ہے چلائی

شاعر: ظہیر

نوحہ خواں سنگت: ناظم پارٹی، انجمن شباب المومنین

گھروں ٹر دیاں ویکھ جنازہ بابے دا

گھروں ٹر دیاں ویکھ جنازہ بابے دامنہ پٹ لے زہراؑ جائیاں کھڑے عرش تے وی نوری وین کرن نبیاں سر مٹیاں پائیاں	شاعرو سوز: اختر حسین اختر
ہویا وجہ اللہ دا سر زخمی زہراؑ نے بقیع چھوڑ دتا آئے کوفے چہ روندے پاک نبیؐ کی گھڑیاں رب دکھلائیاں	
کربل توں پہلا زہراؑ دیاں پلیاں دیاں چادراں لتھ گئیاں امت نے اج کر کے قتل علیؑ اوہ گھڑیاں یاد کرائیاں	
اج کوفے دے بازاراں چوں عبّاسؑ توں کوفی ڈر دے نیں کدی اوویلا وی آؤناں اے جدوں رسیاں امت پہنائیاں	
اولاد علیؑ دی چھڈ کوفے نانے دے دیس چہ آگئی اے اوہ مشکلاں جو ملیاں کوفے چوں امڑی نوں آن سنائیاں	
جیناں پاک بتولؑ دا حق کھویا اونا قتل علیؑ کروایا اے کج سوچیاں نہ ابنِ ملجم نے کیوں ضرباں علیؑ تے چلائیاں	
اخترؔ اوہ لوگ جہنمی نے جیناں بغض کیتا نال حیدر دے اوہ جنتی نے دراصل جیناں آساں ہن پنجتن پاک تے لائیاں	

لہو علیؑ کا پیامِ حق کی بقا کا منظر
شہادتوں کی سبیل

لہو علیؑ کا پیامِ حق کی بقا کا منظر دیکھا رہا ہے
خدا تو معروف تھا جہاں میں خدائی کیا ہے بتا رہا ہے

شہادتوں کی سبیل بن کر چلا ہے کوفہ سے خونِ حیدرؑ
زمینِ کربل پہ بن کے سرورؑ یہ صبر معراج پا رہا ہے

نجف کا رُخ کر کے رو رہی ہے تڑپ کے یہ کائنات ساری
جوان بیٹے کی لاش کوئی غریب تنہا اُٹھا رہا ہے

میرا ہی خون تھا جو بہہ رہا تھا بہ شکلِ اکبرؑ و عونؑ و قاسمؑ
وہی تو زینبؑ کا صبر بن کر کرم کی چادر بچا رہا ہے

لہو علیؑ کا پیامِ حق۔۔۔۔

سلام اس کی وفا کو میرا جو عشقِ سرورؑ کا معجزہ ہے
وہی ہے دستِ خدا کا بازو جو ہاتھ اپنے کٹا رہا ہے

زمیں نہ جس کو اُٹھا سکے گی نہ آسماں جسکو سہہ سکے گا
یہ خونِ اصغرؑ میں خاص کیا ہے کہ نور ہی میں سما رہا ہے

نہ جھیل پائے گی کوئی مادر ستم کی بھی کوئی انتہا ہے
